ٹینڈر نو ٹس برائے کچا راشن متفرق اشیاء و ایمر جنسی ادویات

زیر دستخطی کو ڈسٹرکٹ جیل بنگو کے لئے برائے مالی سال 2025-26 خوردنی اشیاء (کچا راشن) اور دیگر 40,00,000 متفرق اشیا اور ایمر جنسی ادویات کی سپلائی کے لئے جن کی مالیت کے مطابق تقریبا چالیس لاکھ بنتی ہے کے لئے خواہشمند حضرات ٹھیکداران جو کہ محکمہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخوہ ریگولیٹری اتھارٹی کیپرا کی ویب سائیڈ https://kp.eprocure.gov.pk پر رجسٹرد ہو چکے ہوں سے بزریعہ ای پروکیورمنٹ ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر بزریعہ ای پیڈ مورخہ 19.12.2025 بوقت 10:30 دوپہر دن تک انلائن جمع کیے جا سکتے ہیں اور اسی روز بوقت 11:00 بجے دن ٹینڈر نمائندگان اور ارکان کمیٹی ممبران کے رو بروان کھولے جائینگے۔

شرائط:

1. اوپر دی گئی مالیت ایک اندازے کے مطابق ہے جس میں مجاز اتھارٹی کیپرا رولز کے مطابق کمی بیشی کر سکتی ہے۔

2. تمام خواہشمند ٹھیکداران کے لیے لازم ہے کہ وہ خیبر پختونخواہ ریگولیٹری اتھارٹی کیپرا کی اوپر دی ہوئی ویب سائیڈ پر خود کو رجسٹرڈ کروائے کیونکہ موجوزہ ٹینڈر فارم بمعہ فہرست درکار اشیاء اور دیگر ضروری دستاویزات مذکورہ ویب سائٹ پر دیکھی اور ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے۔ موجودہ ٹینڈر نوٹس کی اشاعت کی کاپی کیپرا کی ویب سایئڈ https://www.kppra.gov.pk سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔

3. ای ٹینڈرنگ میں حصہ لینے والے تمام ٹھیکیداران کو ٹینڈر کی مالیت کا 02% زر شمولیت جو کسی منظور شدہ بینک سے جاری کردہ ہو ، بصورت کال ڈیپازٹ بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بنگو ای پیڈ پر اپلوڈ کرنا ہو گی۔ اور اصل زرشمولیت ٹینڈر کھولنے سے پہلے دفتر زیر دستخطی میں لازمی جمع کروانا ہو گی۔ جو کہ ٹینڈر کھولنے کے وقت پر پرچیز کمیٹی کے سامنے پیش کی جائیگی۔ سی ڈی آر اپلوڈ نہ کرنے یا اصل سی ڈی آر دفتر میں بر وقت پیش نہ کرنے کی صورت میں متعلقہ فرم کو ٹینڈر پروسس کا حصہ تصور نہیں کیا جائیگا۔

4. متعلقہ ٹھیکیدار / فرم کو حکومت پاکستان کی طرف سے عائد شدہ تمام ٹیکسز بشمول انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، اسٹامپ ڈیوٹی یا کسی بھی قسم کے دیگر ٹیکس جو حکومت پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوں، مروجہ پالیسی کے مطابق ادا کرنے ہوں گے

5. بروقت سپلائی نہ کرنے یا غیر معیاری اشیاء کی سپلائی کی صورت میں مجوزہ اشیاء بازار سے مارکیٹ نرخ پر خریدی جائیں گی اور نرخ میں فرق کی صورت میں اضافی رقم ٹھیکیدار کے بل یا سکیورٹی سے منہا کی جائے گی۔

6. سپلائی میں ناکامی، غیر معیاری اشیاء کی سپلائی یا قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار / فرم کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

7. مقرر کردہ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی فرم / ٹھیکیدار کے ٹینڈر کو جزوی یا کلی طور پر وجہ بتا کر مسترد کرے۔

8. ٹینڈر کی حتمی منظوری جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ساؤتھ ریجن ڈی آئی خان دیں گے۔

9. تمام اشیاء ڈسٹرکٹ جیل بنگو کے مین گیٹ تک لانا لازمی ہوگا۔

10. تمام جمع شدہ کال ڈیپازٹ تصدیق کے لئے متعلقہ بینک کو ارسال کئے جائیں گے اور بغیر تصدیق کے کوئی بھی کال ڈیپازٹ واپس نہیں کیا جائے گا۔ دورانِ تصدیق اگر کوئی کال ڈیپازٹ جعلی قرار پایا گیا تو متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف بینک رولز اور حکومت پاکستان کے مروجہ قانون کے مطابق محکمانہ کارروائی کا اختیار حاصل ہوگا۔

11. تمام دلچسپی رکھنے والے ٹھیکیداروں کو خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کی طرف سے سرٹیفیکیٹ انڈر سیکشن 15 اف KPFS &HFA ACT 2014 کے تحت کمیٹی کے سامنے پیش کرنا ہوگا ورنہ اس کا ٹینڈر None Responsive تصور کیا جائے گا۔

12. ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار / فرم کے ساتھ معاہدہ کیا جائے گا اور ٹھیکہ مالیت کے 05 ٪ کے مساوی پرفارمنس گارنٹی بصورت سی ڈی آر بنام سپرینٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بنگو لازمی جمع کروانا ہو گی۔

Lohit

المشتہر

سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بنگو

فون نمبر: 0925-62041